© rasailojaraid.com



**کشف المحجوب للهجویریؒ پر تحقیق** | مجلہ الحق را کما فی السابق دریافت می دارم وازیں کہ ایں مجلہ را برائے ایں حقیر ارسال می فرمائید بسیار سپاسگزارم۔ نقش آغاز ہموارہ جاذب وجالب نکر است بہ ہمیں ترتیب مقالات علمی وتحقیقی در علوم اسلامی دیگر اساتذہ عالی مقام ایں روزہا کہ من ریٹائرڈ (متقاعد) شدہ ام مشغول جستجو وتحقیق روی کشف المحجوب حضرت ابوالحسن علی بن عثمان بن ابی علی الجلابی الھجویری الغزنوی (المتوفی میان سالہائے ۴۷۵ - ۵۰۰ھ) می باشم از خدائے بزرگ درخواست دارم کہ مرا چراغ توفیق فراہم دارد تا آن را بہ پایاں برم۔

(محمد حسین تسبیحی، طہران - ایران)

**فوجی چھاؤنی اور قادیانی** | ہماری رسالپور چھاؤنی میں قادیانیوں نے اپنے باطل مذہب کی اشاعت زور شور سے شروع کی ہے۔ چند فوجی افسر (فلاں فلاں کے نام) قادیانیت کے پرچار میں سرگرم ہیں جبکہ انکی ڈیوٹی ملک اور قوم کا دفاع ہے۔ یہ لوگ ایک مسجد اور مرکز قائم کرنے میں کوشاں ہیں۔ سنٹر کی نے اس مرکز کو بنانے کی درخواست کو کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر رسالپور کے پاس بھیج دیا ہے۔ انہوں نے پشاور (ایم ای او) کے پاس بھیج دیا ہے جبکہ مسلمانوں میں بے چینی ہے۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ قادیانیت کی تبلیغ پر پابندی لگائی جائے اور قادیانی مرکز کی ہرگز اجازت نہ دی جائے اور متعلقہ قادیانی افسروں کو سختی سے ایسے کاموں سے روکا جائے۔

(اہالیان رسالپور چھاؤنی صدر بازار)

**کمپیوٹر اور اوقاتِ نماز** | الحق میں مضمون "کمپیوٹر اور اوقاتِ نماز" میں پروفیسر عبداللطیف صبح صادق ۱۸ درجہ زیر افق کے مطابق داخل بتاتے ہیں جو سراسر غلط ہے۔ کیونکہ اسلامی کتابیں ۱۸ درجہ زیر افق پر صبح کاذب اور ۱۵ درجہ زیر افق پر صبح صادق بتاتی ہیں۔ اس لئے اس سلسلہ میں مفتی رشید احمد صاحب حق پر ہیں کیونکہ ان کے صبح صادق کے اوقات ۱۵ درجہ زیر افق کے ہیں جو اسلامی کتابوں کے عین مطابق ہیں (احسن الفتاویٰ جلد دوئم صفحہ ۱۶۶، ۱۶۷ مرتبہ مفتی رشید احمد صاحب) میں فاضل مضمون نگار سید شبیر احمد۔ کاکاخیل۔ ۱۶ ڈی ہینسٹک کالونی۔ نیلور۔ راولپنڈی سے دریافت کرتا ہوں کہ کیا اس کے پاس ۱۸ درجہ زیر افق پر صبح صادق کے کوئی اسلامی کتابوں کے ثبوت ہیں۔ اگر ہوں تو ہمیں بتائیں مگر ۱۸ درجہ زیر افق پر صبح صادق کا کوئی ضعیف سے ضعیف قول بھی نہیں ملتا۔ (احسن الفتاویٰ جلد دوئم صفحہ ۱۹۲۔ مرتبہ مفتی رشید احمد صاحب)

حاجی محمد اسحاق۔ مکان نمبر ۸۴/ت
محلہ میاں بادشاہ۔ کوہاٹ شہر



© rasailojaraid.com